20/05/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **عابدہ اختر** سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج باکورہ گاندربل میں ایک واٹر سپلائی اسکیم کا افتتاح کیا۔ انہوں نے اس موقعے پر کہا کہ اس پروجیکٹ کی بدولت4ہزار افراد پر مشتمل آبادی کو پینے کا صاف پانی فراہم ہوگا۔

وزیر اعلیٰ نے کہاکہ حکومت بنیادی سہولیات میں بہتری لانے کی وعدہ بند ہے۔
ان کے ہمراہ جل شکتی کے وزیر جاوید رانا اور صحت و تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو بھی تھیں۔

پرتیک شرما

فوج کی نادرن کمانڈ کے سربراہ لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما نے وادی میں موجودہ سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے فوجی اہلکاروں کو آپریشنز کے دوران پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ ساتھ مستعدی اور جانفشانی کا مظاہرہ کرنے پر مبارکباد دی ۔

زراعت

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ملک مینوکست کرشی سنکلپ ابھیان نامی قومی مہم رواں مہینے کی 29تاریخ کو شروع ہو کر 12جون کو اختتام پذیر ہوگی ۔

کل نئی دلی میں ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ مہم کا مقصد کسانوں کو جدیدٹیکنالوجی اور اعلیٰ معیار کے بیجوں کے فوائد سے روشناس کرانا ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ مہم ملک کے 723 ضلعوں میں چلائی جائے گی اور لگ بھگ ڈیڑھ کروڑ کسانوں کو اس کے دائرے میں لایا جائے گا۔

جموں کشمیر کے وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے ورچول موڈ کے ذریعے اس میٹنگ میں شرکت کی۔

ج□

حج کمیٹی لداخ کے چیر مین حاجی محمد علی مجاز نے لیہہ میں پارلیمانی اور اقلیتی امور کے وزیر کرن ریجیجو کے ساتھ ملاقات کی اور سرینگر میں رکے پڑے حج عازمین کیلئے پروازوں کا انتظام کرنے کا معاملہ وزیر موصوف کی نوٹس میں لایا ۔

کرن ریجیجو نے انہیں یقین دلایا ہے کہ حج عازمین کے معاملات ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے اور ان کی راحت رسانی مرکزی سرکار کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں متعدد وفود اور افراد سے ملاقات کی ۔ وفود نے نائب وزیر اعلیٰ کو اپنے علاقونمیں بنیادی سہولیات اور عوامی اہمیت کے حامل کئی مسائل اجا گر کئے ۔

نائب وزیر اعلیٰ نے ان وفود کو بغور سُنا اور ان کے جائز مسائل کومرحلہ وار طور پرحل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانانے جنگلی حیات اور انسانوں کے بیچ تصادم کو کم کرنے کے لئے ایک اہم پیش رفت کے طور پرجموں سے دس خصوصی وائلڈ لائف ریسکو گاڑیوں کو جھنڈی دِکھا کرروانہ کیا۔اِس موقعہ پر وزیر موصوف نے اِنسانی جان و مال کے تحفظ اور ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرنے پر زور دیا۔

شانت منو

محکمہ طبی تعلیم اور کھیلوں کے محکمہ کے تعاون سے گورنمنٹ ڈگری کالج گاندر بل کے این ایس ایس یونٹ نے طلباءکی حفاظت ، لچک اور شہری ذمہ داری کو فروغ دینے نیز سیلف اور سول ڈیفنس سے متعلق ایک دن کے آگاہی پروگرام کا اہتمام کیا ۔

اس موقعے پر اسکولی تعلیم کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری شانت منو مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے ۔

ڈی ی رینگر

ترقیاتی فنڈ ز کی تقسیم اور عمل در آمد میں شفافیت ، کارکردگی اور جوابدہی کو بہتر بنانے کے مقصد کے ساتھ ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے انتخابی حلقوں کی ترقی کے حوالے سے ترقیاتی انفارمیشن سسٹم ، ای نگرانی کا آغاز کیا۔اس سسٹم کے تحت منتخبہ عوامی نمائندوں اور ضلع انتظامیہ کے بیچ بہتر تال میل کو یقینی بنایاجائےگا۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے سمبل کا دورہ کرکے وہاں حالیہ آ گ کی واردات میں ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متاثرین کے حق میں پیشگی چیک تقسیم کئے تاہم انہوں نے کہا کہ مکان مالکان اور تاجروں کو ہوئے نقصان کا پورا معاوضہ تخمینہ لگانے کے بعد ہی دیا جائے گا۔

کولگام

ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ایک میٹنگ کی صدارت کرتے کرتے ہوئے جل جیون مشن کے تحت لوگونکو پینے کے پانی کی فراہمی سے متعلق کاموں کی پیشرفت اور عمل آوری کا جائزہ لیا ۔

میٹنگ میں انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ بغیر کسی تا خیر کے کاموں کی تکمیل میں تیزی لائیں تاکہ ضلع کے باقی ماندہ لوگوں کو پینے کے صاف پانی کی سہولیت فراہم ہو سکیں ۔

پلوامہ

پلوامہ کی ضلع انتظامیہ نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ضلع کے کئی پنچایتی حلقونمیں بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا۔ ان پروگراموں مینضلع انتظامیہ اور دیگرمحکموں کے اہلکاروں کے علاوہ مقامی نوجوان کی ایک بڑی تعداد نے بھی شرکت کی ۔

اس موقعے پر مقررین نے نشے کی بدعت کو روکنے کے حوالے سے ضروری اقدامات کو اجا گر کیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ